اسلامک کوئز سیریز




# سیرت کوئز

5 پانچویں جماعت



محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

تعلیمی اداروں کے مقاصد میں سے میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنے فارغ التحصیل طلباء میں دورِ جدید میں درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ خصوصاً عصرِ حاضر کے پُرفتن دور میں اس کی ضرورت دو چند ہوگئی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ بذریعہ سوال و جواب انھیں اہم معلومات بہم پہنچانا بھی ہے۔ زیرِ نظر کتابچہ اس مقصد کو مدّنظر رکھتے ہوئے خاص اسلوب میں ترتیب دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور انھیں پیش آمدہ فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔



ٹائیٹل ڈیزائننگ : ............ محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : ............ محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ............ ام احسن

اشاعت : ............ چہارم

ناشر : ............ اساس انسٹیٹیوٹ


بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین

سیرت کوئز پانچویں جماعت


| موضوع | 01 | بنیادی عقائد کوئز | 05 |
|---|---|---|---|

- مختصر سوالات ــــــــــ 06
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) ــــــــــ 15

| موضوع | 02 | سیرت النبی ﷺ کوئز | 21 |
|---|---|---|---|

- مختصر سوالات ــــــــــ 22
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) ــــــــــ 33

موضوع

# 01

# بنیادی عقائد کوئز

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔ایمان کی تعریف اور اسکی اہمیت کیا ہے

2۔مسلمان ہونے کی بنیادی شرائط کیا ہیں

3۔ایک مسلمان کے بنیادی عقائد کیا ہیں۔

# موضوع

# 01 بنیادی عقائد کوئز

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01 |** عقیدہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** عقیدہ کے لفظی معنیٰ "گرہ لگانے" کے ہیں۔ دین و مذہب سے متعلق وہ نظریات جو دل میں جما لیے جائیں وہ عقیدہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر02 |** عقیدے کی اہمیت بیان کریں؟

**جواب:** عقیدے کا انسان کے عمل کی قبولیت میں بنیادی کردار ہے۔ اعمال اور عبادات کو اللہ تعالیٰ اس وقت ہی قبول کرتے ہیں جب بنیادی عقائد ٹھیک ہوں۔

**سوال نمبر03 |** مذہب یا دین کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دین یا مذہب لغت میں اس "طریقے اور قانون" کو کہتے ہیں جس کی پیروی کی جائے اور دینی زبان میں اللہ تعالیٰ کا مقرر فرمودہ وہ طریقہ جس کو بندہ اختیار کر کے ہمیشہ کی کامیابی حاصل کر لے۔

**سوال نمبر04 |** ہمارا دین/ مذہب کیا ہے؟

**جواب:** ہمارا دین اسلام ہے اور اسلام ہی ساری دنیا کے انسانوں کے لئے تا قیامت کامیابی کا ضامن ہے۔

**سوال نمبر05 |** دین اسلام کیا ہے؟

**جواب:** دین اسلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے عقیدے اور عمل کے مجموعہ کا نام ہے۔ ان عقائد اور اعمال کو تسلیم

کرنے والا مسلمان کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 06** | ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے جن باتوں کی خبر دی ہے ان کا اسی طرح دل میں یقین (تصدیق) کرنا زبان سے اقرار کرنا ایمان کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 07** | مسلمان ہونے کیلئے کن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے؟

**جواب:** ان تمام عقائد، احکامات و اعمال کو ماننا جن کی خبر آپ ﷺ نے دی ہے۔

**سوال نمبر 08** | کفر کیا ہے؟

**جواب:** آپ ﷺ کی طرف سے بتائے گئے احکامات یا اعمال میں سے کسی ایک کا بھی انکار کرنا یا اس میں شک کرنا کفر کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 09** | شرک کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات یا عبادات میں کسی دوسرے کو شریک بنانا شرک کہلاتا ہے مثلاً جیسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے کی بھی عبادت کرنا شرک ہے۔

**سوال نمبر 10** | اللہ تعالیٰ موجود ہیں اس پر عقلی دلیل کیا ہے؟

**جواب:** کوئی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی بغیر بنانے والے کے نہیں بنتی تو اتنی بڑی کائنات کا نظام چاند، سورج، پہاڑ، سمندر، آسمان و زمین کیسے کسی بنانے والے کے بغیر بن سکتے ہیں اور بننے کے بعد ایک منظم طریقے سے چل رہے ہیں، بس ان سب کو بنانے اور چلانے والا بھی کوئی ہے جس کو "اللہ" کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 11** | اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اس نے تمام جہانوں کو پیدا کیا، اسے کسی نے پیدا نہیں کیا۔ تمام جہانوں کی تمام مخلوقات کے کاموں کا اس کو علم ہے۔

**سوال نمبر 12** | اس بات کی کیا دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے؟

**جواب:** ایک چھوٹے سے ملک کو چلانے کے لیے بھی ایک وقت میں ایک ہی حاکم یا بادشاہ ہوتا ہے اگر ایک ملک

کے دو بادشاہ بن جائیں تو سارا نظام تباہ ہو جائے گا تو یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ اتنے بڑے عالم میں دو خدا ہوں اور سارا نظام عافیت سے چلتا رہے اسلیئے بات صاف اور واضح ہے کہ اللہ کی ذات یکتا ذات ہے وہ اکیلا ہے۔

۞ **سوال نمبر 13 |** آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے اور ان کتابوں کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟

**جواب:** آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتاری گئی ہیں اور سچی کتابیں ہیں لیکن قرآن کے آنے کے بعد ان پر عمل نہیں کیا جا سکتا۔ ان کتابوں کی ضرورت اس لیے پیش آئی تا کہ انسان کی رہنمائی کی جا سکے اور انسان اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اصول اور قانون کے مطابق گزارے۔

۞ **سوال نمبر 14 |** فرشتے کون ہیں اور کیا فرشتے انسانی شکل اختیار کر سکتے ہیں؟

**جواب:** فرشتے اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ مخلوق ہیں جو نور سے پیدا کئے گئے ہیں یہ کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے یہ نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں نہ سوتے ہیں اور انسانی شکل اللہ ہی کے حکم سے اختیار کرتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 15 |** فرشتوں کی تعداد کتنی ہے اور فرشتوں کے ذمے کیا کام ہیں؟

**جواب:** فرشتوں کی تعداد کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتوں کے ذمہ مختلف کام لگے ہوئے ہیں۔ مثلاً:

- ۞ حضرت جبرائیل علیہ السلام: انبیاء علیہم السلام پر وحی لانے کا کام اور بندوں کی ضروریات پوری کرنے کا کام۔
- ۞ حضرت میکائیل علیہ السلام: بارش برسانے اور سبزہ لگانے پر مامور ہیں۔
- ۞ حضرت اسرافیل علیہ السلام: قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔
- ۞ حضرت عزرائیل علیہ السلام: روح قبض کرنے پر مامور ہیں۔
- ۞ کراماً کاتبین: نامہ اعمال لکھنے پر مامور ہیں۔
- ۞ حفظہ: انسان کی حفاظت پر مامور ہیں۔

۞ **سوال نمبر 16 |** کون کونسی کتابیں کن کن پیغمبروں پر اتاری گئیں؟

**جواب:**

| | | |
|---|---|---|
| **01** | حضرت داؤد علیہ السلام پر | زبور |
| **02** | حضرت موسیٰ علیہ السلام پر | تورات |

| | | |
|---|---|---|
| 03 | حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر | انجیل |
| 04 | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر | قرآن پاک |

۞ **سوال نمبر 17** | کیا قرآن پاک کے علاوہ باقی آسمانی کتابیں اپنی اصلی حالت میں موجود ہیں؟

**جواب:** جی نہیں قرآن پاک کے علاوہ تمام آسمانی کتابوں میں انسانوں کی طرف سے تحریف (تبدیلی) ہو چکی ہے اور وہ کتابیں اپنی اصلی حالت میں موجود نہیں۔

۞ **سوال نمبر 18** | قرآن پاک کے بارے میں اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** قرآن پاک اللہ کا کلام ہے جو حضرت جبرائیل علیہ السّلام کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تقریباً 23 سال میں نازل کیا گیا۔ یہ قرآن پاک کا معجزہ ہے کہ یہ قیامت تک محفوظ رہے گا اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا قیامت تک کے انسانوں کے لئے رہنمائی اس میں موجود ہے۔

۞ **سوال نمبر 19** | قرآن پاک 23 برس میں نازل ہوا جب کہ ہم نے پڑھا ہے کہ شب قدر میں نازل ہوا؟

**جواب:** یہ دونوں باتیں درست ہیں قرآن پاک لوحِ محفوظ سے پہلے آسمان پر پورا کا پورا بیک وقت، رمضان المبارک کی ایک رات، شب قدر میں نازل ہوا اور پھر اس کے بعد پہلے آسمان سے دنیا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تھوڑا تھوڑا موقع بہ موقع 23 سال میں نازل ہوا۔

۞ **سوال نمبر 20** | کیا قرآن مجید اسی ترتیب پہ نازل ہوا جس ترتیب میں موجود ہے؟

**جواب:** قرآن پاک کی نزولی ترتیب جدا تھی اور لکھنے کی ترتیب جدا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ضرورت کے مطابق جب بھی کوئی آیت یا سورت نازل ہوتی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبرائیل علیہ السّلام کے ذریعے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتا دیا جاتا کہ یہ آیت کس سورت میں کس جگہ پہ آئے گی۔

۞ **سوال نمبر 21** | نبوت یا رسالت کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ہر زمانے میں انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے احکام پہنچانے کے لیے کچھ خاص لوگوں کو منتخب فرمایا جن خاص لوگوں کو یہ ذمہ داری دی گئی وہ نبی اور رسول کہلائے اور یہ ذمہ داری/منصب نبوت و رسالت کہلائی۔

۞ **سوال نمبر 22** | نبی اور رسول میں کیا فرق ہے؟

**جواب:** **01** | نبی اس مقدس ہستی کا نام ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام بندوں کے پاس پہنچانے کے لیے بھیجا۔

**02** | رسول اس مقدس ہستی کو کہتے ہیں جسے کوئی نیا حکم ملے یا نئی شریعت ملے۔ ہر رسول نبی ہوتا لیکن ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔

**سوال نمبر 23** | معجزہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** کسی نبی یا رسول کے ہاتھوں ظاہر ہونے والی وہ بات جو عام معمول کے خلاف اور ظاہری اسباب کے خلاف ہو یا وہ بات جو انسانی عقل، طاقت اور قوت سے بالا ہو معجزہ کہلاتی ہے۔

مثلاً:
- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی کا اژدھا بننا۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مٹی کے پرندوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ کرنا۔
- حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ میں 40 دن گزارنا۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرآن کا معجزہ، چاند کا دو ٹکرے کرنا۔

**سوال نمبر 24** | کیا تمام پیغمبروں کو معجزے دیئے گئے؟

**جواب:** جی ہاں اللہ تعالیٰ نے جس پیغمبر کو بھی دنیا میں رسول بنا کر بھیجا اُن سب کو معجزے بھی دیئے تا کہ لوگوں کے سامنے ان کا پیغمبر ہونا واضح طور پر ثابت ہو جائے۔

**سوال نمبر 25** | انبیاء علیہم السلام کی صداقت کی کیا دلیل ہے؟

**جواب:** **01** | تمام انبیاء علیہم السلام نے ہزاروں سال کے فرق کے باوجود ایک جیسے عقائد کی دعوت دی تمام انبیاء کی اپنی تعلیمات، کردار، اوصاف اور اخلاق اُن کے سچے ہونے کی دلیل ہیں۔

**02** | انبیاء علیہم السلام کے معجزات اُن کے سچے ہونے کی دلیل ہے۔

**03** | انبیاء مستقبل کے بارے میں ایسی پیشگوئیاں فرماتے جو حرف بہ حرف پوری ہوتیں۔

**سوال نمبر 26** | انبیاء کرام علیہم السلام کے بارے میں اسلامی عقیدہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے کتنے انبیاء کرام مبعوث فرمائے؟

**جواب:** تمام انبیاء کرام علیہم السلام اللہ کے بندے ہیں اور سب پر ایمان لانا ضروری ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام معصوم (کسی بھی طرح کا کوئی گناہ ممکن نہیں) اور تمام مخلوق سے بلند و برتر ہیں۔ تمام انبیاء علیہم السلام نے اپنی تمام ذمہ داریوں کو ادا کیا جو اللہ کی طرف سے دی گئیں۔ کم و بیش **1,24,000** انبیاء کرام علیہم السلام دنیا میں تشریف لائے۔

**۞ سوال نمبر 27 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں کیا عقیدہ رکھنا ضروری ہے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور رسول ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت تک کے لیے آنے والے تمام جن وانس اور مخلوقات کے نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

**۞ سوال نمبر 28 |** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے کون سے معجزے دیئے؟ چند ایک کے نام لکھیں۔

**جواب:**
**01** | قرآن پاک
**02** | معراج
**03** | رعب: دشمن ایک ماہ کی مسافت پر ہوتا تھا تو اس پر ہیبت طاری ہو جاتی تھی۔
**04** | درخت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ کرتے تھے۔

**۞ سوال نمبر 29 |** موت کیا ہے اور اس کے بارے میں اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** موت اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے یہ ہر جاندار پر آتی ہے اور جس پر موت آجائے اس کے جسم سے روح کا رابطہ ختم کر دیتی ہے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا کوئی بھی انسان انکار نہیں کر سکتا۔ اس کے متعلق اسلامی عقیدہ یہ ہے کہ ہر جاندار پر یہ ایک مقررہ وقت پر آئے گی اور اس میں ایک لمحے کی بھی تاخیر نہیں ہوگی۔

**۞ سوال نمبر 30 |** قبر کیا ہے اور اس کی زندگی کیا ہے؟

**جواب:** قبر دنیا کی طرح ایک جہان ہے۔ جہاں مردے کو اپنی موت سے قیامت وحشر تک رہنا ہے۔ جس کو "برزخ" کہتے ہیں۔ اس میں مردے کو اس کے اعمال کے مطابق جزا اور سزا ملنا شروع ہو جاتی ہے۔

**۞ سوال نمبر 31 |** قبر میں انسان کے ساتھ کیا معاملہ ہوتا ہے؟

**جواب:** قبر میں نیک انسان کے ساتھ اچھائی اور آسانی والا معاملہ اور کافر اور گنہگار کے ساتھ برا اور سخت معاملہ پیش آتا ہے۔ منکر نکیر سوالات کرتے ہیں نیک انسان جواب دے دیتا ہے اور اس کے بعد اس کے لیے قبر میں راحت پیدا کر دی جاتی ہے۔ کافر اور گنہگاران سوالات کا جواب نہیں دے سکتا اس لیے اس کو تکلیف اور عذاب میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 32** | منکر نکیر کون ہیں؟

**جواب:** منکر نکیر دو فرشتے ہیں جو قبر میں مردے سے تین سوالات کرتے ہیں:

01 | تیرا رب کون ہے؟ 02 | تیرا دین کیا ہے؟ 03 | تیرا نبی کون ہے؟

**سوال نمبر 33** | قیامت کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** قیامت ایک دن کا نام ہے جسے یوم آخرت/ یوم حشر بھی کہتے ہیں۔ جس دن اولین و آخرین کو جمع کیا جائے گا اور نیک و بد لوگوں کو ان کے اعمال کے مطابق بدلہ دیا جائے گا۔

**سوال نمبر 34** | قیامت کیسے آئے گی؟

**جواب:** جب دنیا میں ایک بھی اللہ کا نام لینے والا یعنی مسلمان نہ رہے گا تو اللہ کے حکم سے حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے جس سے تمام جاندار مر جائیں گے، زمین ریزہ ریزہ ہو جائے گی اور اللہ کے سوا کوئی باقی نہ رہے گا۔

**سوال نمبر 35** | قیامت کب آئے گی؟

**جواب:** اس کا علم اللہ تعالیٰ نے صرف اپنے پاس رکھا ہے کسی نبی یا فرشتے کو بھی اس کا علم نہیں دیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قیامت کی نشانیاں بتائی ہیں جس سے اندازہ ہو گا کہ قیامت قریب ہے۔

**سوال نمبر 36** | قیامت کی علامتیں کیا ہیں؟

**جواب:** قیامت کی علامتیں دو قسم کی ہیں:

01 | علاماتِ صغریٰ (چھوٹی علامتیں) 02 | علاماتِ کبریٰ (بڑی علامتیں)

**سوال نمبر 37** | علامات صغریٰ کون کون سی ہیں؟

**جواب:** چند علاماتِ صغریٰ درج ذیل ہیں:

01 | والدین کی نافرمانی ہو گی۔ 02 | شراب اور سود عام ہو گا۔

03 | تعلیم صرف دنیا کے لیے ہو گی۔ 04 | منافق، رذیل اور فاسق لوگ قوموں کے راہنما ہوں گے۔

**سوال نمبر 38** | علاماتِ کبریٰ کون کون سی ہیں؟

**جواب:** چند علاماتِ کبریٰ درج ذیل ہیں:

01 | امام مہدی علیہ الرضوان کا ظہور ہوگا جو کہ مسلمانوں کے ایک عادل خلیفہ ہونگے۔

02 | دجال کا خروج ہوگا جو بہت بڑا فتنہ گر ہوگا۔

03 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نزول ہوگا۔

04 | یاجوج ماجوج کا نکلنا۔

**سوال نمبر 39** | دجال کون ہے اور اس کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** دجال ایک فتنہ گر اور جھوٹا شخص ہوگا جس کی داہنی آنکھ کانی ہوگی۔ مقامِ "لُد" پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اِس کو پکڑ کر قتل کریں گے۔

**سوال نمبر 40** | امام مہدی علیہ الرضوان کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** امام مہدی علیہ الرضوان مسلمانوں کے آخری امیر ہونگے ان کا ظہور دجال سے پہلے ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد میں سے ہونگے۔ امام مہدی ظہور کے بعد سات یا نو سال حیات رہیں گے۔

**سوال نمبر 41** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول ہیں زندہ آسمانوں پہ اُٹھائے گئے اس وقت زندہ آسمانوں پر موجود ہیں۔ قریب قیامت دجال کے خروج کے بعد آسمانوں سے نازل ہونگے دجال کو قتل کریں گے، دین اسلام کی پیروی کریں گے اور پوری دنیا میں اسلام کو غالب کر دیں گے۔

**سوال نمبر 42** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں آنے کے بعد کتنا عرصہ دنیا میں زندگی گزاریں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں تقریباً 45 سال تک رہیں گے اور جب فوت ہونگے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ مبارک میں دفن کیا جائے گا۔

**سوال نمبر 43** | عالم آخرت کیا ہے؟

**جواب:** جب قیامت آئے گی پہلی دفعہ صور پھونکنے سے تمام مخلوقات مر جائیں گی پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو تمام مخلوقات دوبارہ زندہ ہو جائیں گی۔ مردے قبروں سے زندہ ہو کر نکل پڑیں گے اور سب جمع ہو کر میدان حشر کی طرف چل پڑیں گے اسی کو عالم آخرت کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 44** | عالمِ آخرت اور میدان حشر کے کچھ حالات بیان کریں؟

**جواب:** دوبارہ زندہ ہونے کے بعد سورج سوا نیزے پر آجائے گا لوگ اپنے اعمال (گناہوں) کے مطابق اپنے پسینے میں ڈوبے ہونگے کوئی ٹخنوں تک اور کوئی منہ تک پسینے میں ڈوبا ہوگا۔ نیک لوگوں کو جزاء جنت کی صورت میں ملے گی اور برے (بد) لوگوں کو سزا جہنم کی شکل میں ملے گی۔

**سوال نمبر 45** | پل صراط کیا ہے؟

**جواب:** یہ ایک پل ہے جو بال سے زیادہ باریک تلوار سے زیادہ تیز ہے اور جہنم کے اوپر بنا ہوا ہے سب کو اس پر سے گزارا جائے گا نیک لوگ آسانی سے گزر کر جنت میں داخل ہو جائیں گے اور بدکار اور کافر اس پر سے کٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے۔

**سوال نمبر 46** | کیا گنہگار مسلمان بھی جہنم میں جائیگا؟

**جواب:** جی ہاں! وہ مسلمان جس نے دنیا میں گناہ کیے اور سچی توبہ نہ کی تو اللہ کے قانون کے مطابق وہ جہنم میں اپنے گناہوں کی سزا پا کر جنت میں جائیگا۔ ہاں اگر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے معاف فرما دیں تو سیدھے جنت میں جائیگا۔

موضوع

# 01 بنیادی عقائد کوئز

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر 01** | عقیدہ کے لفظی معنیٰ ہیں۔

- ■ کھولنا
- ☑ **باندھنا**
- ■ چھوڑنا
- ■ تمام درست

**سوال نمبر 02** | عقیدہ کی اہمیت ہے کہ

- ■ عمل کی قبولیت میں بنیادی کردار
- ■ اعمال وعبادات کی قبولیت میں بنیادی کردار
- ■ دنیاوی مالدار ہونے میں بنیادی کردار
- ☑ **پہلے دونوں**

**سوال نمبر 03** | ”مذہب“ کس کا مقرر کردہ قانون ہوتا ہے جس کو اختیار کر کے بندہ ہمیشہ کی کامیابی اختیار کر لیتا ہے؟

- ■ قانون دانوں کا
- ■ سیاستدانوں کا
- ☑ **اللہ تعالیٰ کا**
- ■ سائنسدانوں کا

**سوال نمبر 04** | کون سا مذہب تمام انسانوں کی کامیابی کا ضامن ہے؟

- ☑ **اسلام**
- ■ بدھ مت
- ■ ہندومت
- ■ عیسائیت

**سوال نمبر 05** | دین اسلام ہے ______

- ■ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بتائے ہوئے عقائد کا نام
- ■ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بتائے ہوئے اعمال کا نام

☑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے عقائد و اعمال کے مجموعے کا نام

■ کوئی جواب درست نہیں۔

**سوال نمبر 06 | ایمان کسے کہتے ہیں؟**

■ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی عبادت کو کرنا

■ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کا صرف دل سے یقین کرنا

■ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کا صرف زبان سے اقرار کرنا

☑ **رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کا دل سے یقین اور زبان سے اقرار کرنا**

**سوال نمبر 07 | مسلمان ہونے کے لئے کن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے؟**

■ تمام عقائد پر ■ تمام احکامات پر ■ تمام اعمال پر ☑ **تینوں پر**

**سوال نمبر 08 | کفر کیا ہے؟**

■ تمام عقائد و احکامات کا انکار

■ بعض عقائد و احکامات کا انکار

☑ **کسی ایک عقیدہ یا حکم کا انکار یا اس میں شک**

■ کوئی جواب درست نہیں۔

**سوال نمبر 09 | شرک کسے کہتے ہیں؟**

■ اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی کو شریک کرنا

■ اللہ تعالیٰ کی صفات میں کسی کو شریک کرنا

■ اللہ تعالیٰ کی عبادات میں کسی کو شریک کرنا

☑ **تینوں**

**سوال نمبر 10 | تمام جہانوں کی تمام مخلوقات کا علم کس کو ہے؟**

☑ **اللہ تعالیٰ کو**

■ انبیاء اکرام کو

■ اولیاء اکرام کو

■ جنات کو

**سوال نمبر 11 | اگر ایک ملک کے دو بادشاہ ہو جائیں تو کیا ہو گا؟**

■ ملک کا نظام درست چلے گا۔

☑ **ملک کا نظام تباہ ہو جائے گا۔**

■ کچھ نہیں ہو گا۔

■ تمام غلط ہیں۔

۞ **سوال نمبر 12 |** تمام آسمانی کتابوں کے متعلق عقیدہ ہونا چاہیے کہ

- ■ تمام آسمانی کتابوں پر عمل کرنا ضروری ہے
- ■ تمام آسمانی کتابیں سچی ہیں لیکن بعض پر عمل کرنا ضروری ہے۔
- ■ بعض کتابوں پر عمل کریں اور بعض پر نہیں
- ☑ **تمام آسمانی کتابیں سچی تھیں لیکن عمل صرف قرآن پر کیا جائے گا۔**

۞ **سوال نمبر 13 |** آسمانی کتابوں کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

- ■ انسان اپنی زندگی گزارنے کے لئے راہنمائی حاصل کرسکے
- ■ تلاوت کرنے کے لئے
- ☑ **دونوں جواب درست ہیں۔**
- ■ دونوں غلط ہیں۔

۞ **سوال نمبر 14 |** فرشتوں کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟

- ■ آگ
- ■ مٹی
- ■ پانی
- ☑ **نور**

۞ **سوال نمبر 15 |** بڑے فرشتے کتنے ہیں؟

- ■ دو
- ☑ **چار**
- ■ چھ
- ■ آٹھ

۞ **سوال نمبر 16 |** حضرت جبرائیل علیہ السلام کا کام تھا......

- ☑ **انبیاء پر وحی لانے کا**
- ■ بارش برسانے کا
- ■ روح قبض کرنے کا
- ■ نامہ اعمال لکھنے کا

۞ **سوال نمبر 17 |** کراماً کاتبین فرشتوں کا کیا کام ہے؟

- ■ بارش برسانے پر مامور ہیں۔
- ■ انسان کی حفاظت پر مامور ہیں۔
- ☑ **اعمال لکھنے پر مامور ہیں۔**
- ■ روح قبض کرنے پر مامور ہیں۔

۞ **سوال نمبر 18 |** زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

- ■ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر
- ☑ **حضرت داؤد علیہ السلام پر**
- ■ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر
- ■ حضرت سلیمان علیہ السلام پر

۞ **سوال نمبر 19** | کون سی آسمانی کتاب اپنی اصلی حالت میں موجود ہے۔

- ■ تورات
- ■ زبور
- ■ انجیل
- ☑ **قرآن مجید**

۞ **سوال نمبر 20** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن کتنے عرصہ میں نازل ہوا؟

- ■ تقریباً 22 سال
- ☑ **تقریباً 23 سال**
- ■ تقریباً 40 سال
- ■ تقریباً 63 سال

۞ **سوال نمبر 21** | رسول کسے کہتے ہیں؟

- ■ صاحب کتاب کو
- ■ صاحب شریعت کو
- ☑ **صاحب کتاب وصاحب شریعت کو**
- ■ کوئی نہیں

۞ **سوال نمبر 22** | معجزہ ظاہر ہوتا ہے۔

- ■ صحابی کے ہاتھ پر
- ■ ولی کے ہاتھ پر
- ☑ **نبی کے ہاتھ پر**
- ■ تمام جوابات درست

۞ **سوال نمبر 23** | کس نبی کا معجزہ ہے کہ وہ 40 دن آگ میں رہے اور ایک بال بھی نہ جل سکا؟

- ■ حضرت نوح علیہ السلام
- ☑ **حضرت ابراہیم علیہ السلام**
- ■ حضرت موسیٰ علیہ السلام
- ■ حضرت یونس علیہ السلام

۞ **سوال نمبر 24** | مستقبل کے بارے میں کس کی پیشگوئیاں حرف بہ حرف پوری ہوتی ہیں؟

- ☑ **انبیاء کرام علیہم السلام کی**
- ■ اولیاء کرام رحمہم اللہ کی
- ■ صوفیاء کرام رحمہم اللہ کی
- ■ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

۞ **سوال نمبر 25** | اللہ تعالیٰ نے کتنے انبیاء مبعوث فرمائے؟

- ■ کم وبیش ایک لاکھ
- ☑ **کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار**
- ■ کم وبیش ایک لاکھ چالیس ہزار
- ■ کم وبیش ایک لاکھ ساٹھ ہزار

**سوال نمبر 26** | قیامت تک آنے والے تمام جن وانس ومخلوقات کے نبی کون ہیں؟

- ■ حضرت آدم علیہ السلام
- ■ حضرت نوح علیہ السلام
- ■ حضرت ابراہیم علیہ السلام
- ☑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

**سوال نمبر 27** | معراج کس نبی کا معجزہ ہے؟

- ■ حضرت موسیٰ علیہ السلام
- ■ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- ☑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
- ■ حضرت خضر علیہ السلام

**سوال نمبر 28** | قبر میں سوال کرنے والے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟

- ■ کراماً کاتبین
- ■ میکائیل واسرافیل
- ☑ منکر نکیر
- ■ اسرافیل وعزرائیل

**سوال نمبر 29** | قبر میں کتنے سوال ہوں گے؟

- ☑ تین
- ■ چار
- ■ پانچ
- ■ چھ

**سوال نمبر 30** | قیامت کے دن کون سا فرشتہ صور پھونکے گا تو ساری دنیا ختم ہو جائے گی؟

- ☑ حضرت اسرافیل علیہ السلام
- ■ حضرت جبرائیل علیہ السلام
- ■ حضرت عزرائیل علیہ السلام
- ■ حضرت میکائیل علیہ السلام

**سوال نمبر 31** | قیامت کی علامات میں سے ہے......

**جواب:**

- ■ والدین کی نافرمانی ہوگی۔
- ■ تعلیم صرف دنیا کے لیئے ہوگی۔
- ■ منافق، رذیل اور فاسق لوگ حکمران ہوں گے۔
- ☑ تمام جوابات درست ہیں۔

**سوال نمبر 32** | دجال کو کون قتل کرے گا؟

- ☑ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- ■ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان
- ■ تمام مسلمان
- ■ کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر 33** | امام مہدی علیہ الرضوان کس کی اولاد میں سے ہوں گے؟

- ☑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- ■ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 34** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

- ■ اللہ کے رسول ہیں جو زندہ آسمانوں پہ اٹھائے گئے ہیں اور زندہ موجود ہیں۔
- ■ اللہ کے رسول جو قرب قیامت آسمانوں سے نازل ہوں گے۔
- ■ اللہ کے رسول جو صاحب شریعت ہونے کے باوجود شریعت محمدی کی اتباع کریں گے۔
- ☑ تمام جوابات درست ہیں۔

**سوال نمبر 35** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں آنے کے بعد کتنا عرصہ دنیا میں گزاریں گے؟

- ■ 40 سال
- ☑ 45 سال
- ■ 50 سال
- ■ 100 سال

**سوال نمبر 36** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام وفات پانے کے بعد کہاں دفن ہوں گے؟

- ■ بیت المقدس میں
- ■ مکہ مکرمہ میں
- ☑ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں
- ■ بغداد شریف میں

**سوال نمبر 37** | قیامت کے وقوع کے وقت کتنی بار صور پھونکا جائے گا؟

- ■ ایک بار
- ☑ دو بار
- ■ تین بار
- ■ چار بار

**سوال نمبر 38** | پل صراط کیا ہے؟

- ■ جہنم کے اوپر رسی کی طرح موٹا پل ہے۔
- ☑ جہنم پر بال سے زیادہ باریک پل ہے۔
- ■ ایک فرضی پل ہے۔
- ■ کوئی جواب درست نہیں۔

موضوع

02

# سیرت النبی ﷺ کوئز

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے مختلف ادوار کے متعلق مختصر معلومات کیا ہیں۔

2۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان اور گھرانے کے متعلق مختصر معلومات کیا ہیں۔

3۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے متعلق مختصر معلومات

موضوع

# 02 سیرت النبیﷺ کوئز

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر01** | ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ماہ ربیع الاول بمطابق ماہ اپریل **571**ء کو عرب کے شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

۞ **سوال نمبر02** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہے۔

۞ **سوال نمبر03** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش پر عالمی دنیا میں کیا عجیب واقعات رونما ہوئے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش سے ایوان کسریٰ (ایرانی بادشاہ کا محل) میں زلزلہ آیا جس سے محل کے چودہ کنگرے گر گئے فارس کا آتش کدہ (آگ کو پوجنے والوں کی آگ) جو ہزار سال سے مسلسل روشن تھا وہ بجھ گیا اور دریائے ساوہ خشک ہوگیا۔

۞ **سوال نمبر04** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک کس نے رکھا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا عبدالمطلب نے آپ کا نام محمد اور والدہ محترمہ نے احمد رکھا۔

۞ **سوال نمبر05** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن کن عورتوں نے دودھ پلایا؟

**جواب:** ولادت باسعادت کے بعد چند روز تک آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کو دودھ پلایا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابولہب کی کنیز ثویبہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو دودھ پلایا۔ انکے بعد حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو دودھ پلایا۔

۞ **سوال نمبر06** | شق صدر کیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کتنی مرتبہ ہوا؟

**جواب:** آپ ﷺ کا ایک معجزہ تھا کہ آپ ﷺ کا سینہ مبارک چاک کر کے قلب مبارک نکال کر صاف کیا گیا اور یہ واقعہ آپ ﷺ کے ساتھ تقریباً 4 مرتبہ پیش آیا۔

۞ **سوال نمبر 07** | آپ ﷺ کے والد، والدہ اور دادا کی کب وفات ہوئی؟

**جواب:** آپ ﷺ کے والد محترم حضرت عبداللہ کی وفات آپ ﷺ کی پیدائش سے پہلے ہوئی۔ والدہ کی جب آپ ﷺ چھ سال کے تھے اور دادا کی جب آپ ﷺ 8 سال کے تھے۔

۞ **سوال نمبر 08** | آپ ﷺ نے پہلا سفر کہاں اور کب کیا؟ دوران سفر کس سے ملاقات ہوئی؟

**جواب:** آپ ﷺ نے پہلا سفر ملک شام کا بارہ سال کی عمر میں کیا اور دوران سفر ایک عیسائی راہب سے ملاقات ہوئی۔

۞ **سوال نمبر 09** | راہب نے نبی ﷺ کے بارے میں ابو طالب کو کیا کہا؟

**جواب:** راہب بحیرا نے آسمانی کتابوں میں مذکور علامتوں سے آپ ﷺ کو پہچان لیا تھا اور ابو طالب کو کہا کہ آپ ان کو واپس بھیج دیں وگرنہ یہودی ان کی صفات اور علامت کو پہچان کر قتل کر ڈالیں گے۔ چنانچہ ابو طالب نے آپ ﷺ کو واپس روانہ کر دیا۔

۞ **سوال نمبر 10** | راہب نے آپ ﷺ کی کیا علامات دیکھی تھیں؟

**جواب:** راہب نے دیکھا ہر شجر و حجر آپ ﷺ کو سجدہ کر رہا ہے ۔ ایک بادل آپ ﷺ پر ہر وقت سایہ کیے ہوئے ہے۔ آپ ﷺ کی مہر نبوت کو بھی دیکھا اور چچا ابو طالب سے خاندان سے متعلق دریافت کیا اور تمام علامات دیکھ کر کہا۔ یہی ہے سردار دو جہانوں کا، یہی ہے رسول پروردگار کا، جن کو اللہ نے دونوں جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔

۞ **سوال نمبر 11** | حلف الفضول کیا تھا اور اس کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

**جواب:** عربوں میں اکثر جنگ رہا کرتی تھی تو اس معاہدہ کے تحت قرار پایا کہ ہمیشہ مظلوم کا ساتھ دیا جائے گا اور مدد کی جائے گی۔ آپ علیہ السلام بھی اس معاہدے کے وقت موجود تھے اور آپ ﷺ فرماتے ہیں:

**"اگر اس معاہدے کے مقابلے میں مجھے سرخ اونٹ بھی دیے جاتے تو ہر گز قبول نہ کرتا۔ اور اب زمانہ اسلام میں اس قسم کے معاہدے کی طرف بلایا جاؤں تو بھی اس کی شرکت کو ضرور قبول کروں گا"۔**

۞ **سوال نمبر 12** | آپ ﷺ نے نبوت سے قبل کون سا کام اختیار فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے بکریاں چرانے اور تجارت کو اختیار فرمایا۔

۞ **سوال نمبر 13** | تعمیر بیت اللہ کے وقت حجر اسود کو اپنے مقام پر رکھنے کے حوالے سے اہل مکہ کے درمیان جو جھگڑا ہوا اس کا حل نبی ﷺ نے کیا نکالا تھا؟

**جواب:** ایک بزرگ شخص نے رائے دی کہ صبح جو شخص سب سے پہلے حرم میں داخل ہوگا وہی حجر اسود سے متعلق فیصلہ کرے۔ چنانچہ صبح سب سے پہلے نبی ﷺ داخل ہوئے تو سب نے بیک زبان کہا:

**"یہ تو محمد امین ہیں ہم ان کے فیصلہ کرنے پر راضی ہیں۔ تو آپ ﷺ نے اپنی چادر منگوائی اور حجر اسود کو اس پر رکھ کر فرمایا کہ ہر قبیلہ کا سردار چادر تھام لے تاکہ اس شرف سے کوئی قبیلہ محروم نہ رہے۔ اس فیصلہ کو سب نے پسند فرمایا اور اس طرح ایک خون ریز جنگ ہونے سے بچ گئی۔"**

۞ **سوال نمبر 14** | نبوت کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

**جواب:** نبوت کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 40 سال تھی۔

۞ **سوال نمبر 15** | آپ ﷺ پر پہلی وحی کہاں اور کیا نازل ہوئی؟

**جواب:** آپ ﷺ پر پہلی وحی غار حرا میں سورۃ علق کی ابتدائی **5** آیات نازل ہوئیں۔

۞ **سوال نمبر 16** | کیا آپ ﷺ نے کسی سے تعلیم حاصل کی؟

**جواب:** آپ ﷺ نبی الامیؐ تھے۔ یہ آپ ﷺ کا لقب ہے۔ آپ ﷺ نے کسی سے بھی تعلیم حاصل نہیں کی اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے آپ ﷺ کو تمام مخلوقات سے زیادہ علم عطا کیا تھا۔

۞ **سوال نمبر 17** | آپ ﷺ پر سب سے پہلے ایمان کون لایا تھا؟

**جواب:** آپ ﷺ پر مردوں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، عورتوں میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور بچوں میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، اور غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے۔

۞ **سوال نمبر 18** | آپ ﷺ کے اعلان نبوت کے بعد آپ ﷺ کے سخت دشمن کون تھے؟

**جواب:** آپ کے دشمنوں میں اعلان نبوت کے بعد ابوجہل، ابولہب، امیہ بن خلف، ابی بن خلف، ولید بن مغیرہ، نضر

بن حارث، عقبہ بن ابی معیط سرفہرست تھے۔

**سوال نمبر 19 |** آپ ﷺ کا معجزہ شق القمر کیا تھا؟

**جواب:** مکہ کے سردار ایک مرتبہ آپ ﷺ کے پاس آئے اور مطالبہ کیا کہ چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھاؤ، آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دُعا کی پھر اپنی انگلی مبارک سے چاند کی طرف اشارہ کیا تو چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے جس کو ہر ایک نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

**سوال نمبر 20 |** آپ ﷺ نے شعب ابی طالب میں کیوں اور کتنے سال پناہ لی؟

**جواب:** حضرت حمزہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہم کے اسلام لانے سے کافروں کا زور ٹوٹ گیا اور روز بروز مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا اور کوئی حربہ دین حق کو دبانے میں کارگر ثابت نہیں ہوا تب تمام قریش کے قبائل نے متفقہ طور پر ایک تحریری معاہدہ کے تحت آپ ﷺ اور بنو ہاشم سے تعلقات ختم کر دیئے۔ تب مجبور ہو کر آپ ﷺ نے شعب ابی طالب میں پناہ لی۔ اور تقریباً تین سال وہاں رہے۔

**سوال نمبر 21 |** آپ ﷺ نے قریش کے تحریری معاہدے سے متعلق ابو طالب کو کیا خبر دی اور مسلمانوں کو کس طرح شعب ابی طالب سے رہائی ملی؟

**جواب:** آپ ﷺ نے ابو طالب کو یہ خبر دی کہ اس عہد نامہ کو سوائے اللہ تعالیٰ کے نام کے کیڑوں نے کھا لیا چنانچہ ابو طالب نے قریش کے سرداروں کو یہ خبر دی اور کہا اگر محمد ﷺ کی خبر سچی ہوئی تو تم اپنی حرکات سے باز آ جانا۔ چنانچہ جب تحریری معاہدہ کھول کر دیکھا گیا تو نبی اکرم ﷺ کی بات سچ ثابت ہوئی اور قریش نے مسلمانوں کا بائیکاٹ ختم کر دیا۔

**سوال نمبر 22 |** طائف والوں نے نبی اکرم ﷺ پر کیا ظلم کیا؟

**جواب:** طائف کے سرداروں نے آپ ﷺ کے کلمہ حق کو سنتے ہی نہایت سختی سے جواب دیا اور طائف کے اوباش لڑکوں کو پیچھے لگا دیا جنھوں نے آپ ﷺ کو پتھر مار کر لہولہان کر دیا۔

**سوال نمبر 23 |** طائف میں پہاڑوں کے فرشتے نے آپ کو کیا کہا اور آپ ﷺ نے کیا جواب فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ زخموں سے لہولہان ایک جگہ بیٹھے تھے کہ پہاڑوں کے فرشتے نے آ کر کہا کہ آپ حکم دیں تو ان دونوں پہاڑوں کو ملا دوں جس سے تمام لوگ پس جائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ

اللہ ان کی نسل میں سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو صرف اس وحدہ لا شریك لہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے۔

❁ **سوال نمبر 24** | معراج کیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد اقصیٰ تک اور مسجد اقصیٰ سے عرش تک اسی جسم اور روح کے ساتھ جاگتے ہوئے ایک ہی شب میں آسمانوں کی سیر کرائی جس کو معراج کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

❁ **سوال نمبر 25** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج کے موقع پر اللہ تعالیٰ سے کیا تحفہ لے کر آئے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 5 نمازوں کا تحفہ عطا فرمایا۔

❁ **سوال نمبر 26** | ہجرت کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دین کی خاطر ایسے علاقے کو چھوڑ دینا جہاں دین پر عمل کرنا مشکل ہو ہجرت کہلاتا ہے۔

❁ **سوال نمبر 27** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ طیبہ ہجرت کیوں کی؟

**جواب:** مکہ والوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں پر بے پناہ ظلم ڈھائے۔ جبکہ دوسری طرف مدینہ میں لوگ اسلام قبول کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کے جان و مال کی حفاظت کی بیعت کر چکے تھے۔ اس لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے مدینہ ہجرت کی۔

❁ **سوال نمبر 28** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ ہجرت کب اور کس کے ساتھ کی؟

**جواب:** جب سب مسلمان ہجرت کر چکے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ و رحضرت علی رضی اللہ عنہ کے علاوہ کوئی باقی نہ رہا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کی۔

❁ **سوال نمبر 29** | نبی علیہ السلام نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہجرت کی رات اپنے بستر پر کیوں لٹایا؟

**جواب:** قریش اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن تھے لیکن آپ کو صادق و امین سمجھتے تھے اور امانتیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ہی رکھتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ سب امانتیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سپرد کیں کہ صبح کو امانتیں لوگوں تک پہنچا کر مدینہ تشریف لے آئیں۔

❁ **سوال نمبر 30** | اللہ تعالیٰ نے غار ثور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مدد کیسے فرمائی؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تین دن غار ثور میں قیام فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مکڑی نے غار کے منہ پر جالا تان دیا جس سے گزرنے والے کو یہ پتا ہی نہ چلتا تھا کہ اندر کوئی ہے۔ اور فرشتوں کے ذریعے کافروں پر ایسا رعب ڈال دیا کہ وہ غار کے اندر دیکھ ہی نہ سکے۔

❁ **سوال نمبر 31** | نبی کریم ﷺ نے سب سے پہلے کس مسجد کی بنیاد اپنے ہاتھوں سے رکھی؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے سب سے پہلے مسجد قباء کی بنیاد اپنے ہاتھوں سے رکھی۔

❁ **سوال نمبر 32** | نبی کریم ﷺ نے پہلے خطبہ جمعۃ المبارک میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** تیرہ سالہ مظلومانہ زندگی کے بعد آپ ﷺ نے جو خطبہ ارشاد فرمایا اس میں ایک حرف بھی اپنے دشمنوں کی مذمت اور شکایت کا نہیں تھا۔ سوائے تقویٰ، پرہیز گاری اور آخرت کی تیاری کے کوئی لفظ لسان نبوت سے نہیں نکلا۔

❁ **سوال نمبر 33** | نبی کریم ﷺ نے ہجرت مدینہ کے بعد کن صحابی کے ہاں قیام فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں قیام فرمایا۔

❁ **سوال نمبر 34** | نبی کریم ﷺ نے مدینہ تشریف آوری کے بعد پہلا کام کون سا کیا؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے مدینہ تشریف آوری کے بعد سب سے پہلے مسجد نبوی کو تعمیر فرمایا۔

❁ **سوال نمبر 35** | مسجد نبوی سے متصل نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات کے حجرے مبارک کا مختصر نقشہ بیان کریں۔

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے مسجد نبوی کی تعمیر سے فارغ ہو کر ازواج مطہرات کے حجرے مسجد سے متصل تعمیر کروائے۔ حجرے کیا تھے زہد وقناعت کی تصویر اور دنیا کی بے ثباتی کا نقشہ تھے۔ بعض حجرے کھجور کی شاخوں کے اور بعض کچی اینٹوں کے تھے اور دروازوں پر کمبل اور ٹاٹ کے پردے تھے۔ اکثر و بیشتر رات کو چراغ بھی نہیں جلتے تھے۔

❁ **سوال نمبر 36** | نبی کریم ﷺ نے مہاجرین و انصار میں اتحاد و بھائی چارگی کے فروغ کے لیے کون سا فارمولا اختیار فرمایا؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے تمام امتیازات کو مٹا کر مہاجرین وانصار میں مواخات کا رشتہ قائم فرمایا جس کے مطابق ایک ایک مہاجر کو ایک ایک انصاری کا بھائی بنایا گیا۔

❁ **سوال نمبر 37** | جہاد کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ایسی جانبازی اور سرفروشی جس سے اللہ کا بول بالا ہو۔ اس کے احکام بے حرمتی سے محفوظ ہو جائیں اور دنیا کا کسی قسم کا نفع مقصود نہ ہو۔ اسے شریعت اسلامیہ میں جہاد کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 38 |** جہاد کی فرضیت کب اور کیوں نازل ہوئی؟

**جواب:** مشرکین مکہ نے مسلمانوں پر بے انتہا ظلم وزیادتیاں کیں۔ انہیں بے قصور اور بلاوجہ گھروں سے نکال دیا اور اسلامی احکامات پر عمل کرنا مشکل کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے مشرکین مکہ کے پنجہ ظلم اور مسلمانوں کی مدد و نصرت اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے 2 ہجری کو جہاد فرض فرمایا۔

۞ **سوال نمبر 39 |** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں کافروں کے ساتھ کتنی جنگیں ہوئیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بنفس نفیس کتنی جنگوں میں شریک ہوئے؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں تقریباً 87 جنگیں ہوئیں۔ خود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنفس نفیس 27 غزوات میں شرکت فرمائی۔

۞ **سوال نمبر 40 |** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس غزوہ میں زخمی ہوئے؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ اُحد میں کافروں سے لڑتے ہوئے زخمی ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رخسار مبارک، نیچے کا ہونٹ زخمی ہوا اور نیچے کے دو دانت مبارک بھی شہید ہوئے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک لہولہان ہو گیا۔

۞ **سوال نمبر 41 |** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بادشاہان عالم کے نام دعوت اسلام کے خطوط کب اور کیوں روانہ فرمائے؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے اسی لیے مذہب اسلام بھی تمام جہان والوں کے لیے راہ نجات ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 6 ہجری کو تمام بادشاہان عالم کے نام دعوت اسلام کے خطوط روانہ کیے۔

۞ **سوال نمبر 42 |** مکہ مکرمہ کیسے فتح ہوا اور فتح مکہ کا سبب کیا بات بنی؟

**جواب:** نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مکہ کے مشرکین کے درمیان معاہدہ ہوا جو صلح حدیبیہ کے نام سے مشہور ہے۔ مکہ والوں نے

اس معاہدہ کی خلاف ورزی اور عہد شکنی کی جس کی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دس ہزار صحابہ کرام کی جمعیت ہمراہ لے کر مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے اور بغیر جنگ کے اللہ تعالیٰ نے فتح یاب فرمایا۔

**سوال نمبر 43** | فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دشمنوں کے ساتھ کیا سلوک فرمایا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر چند گستاخوں کے علاوہ تمام مکہ والوں کو معاف فرما کر حسن اخلاق کی مثال قائم فرمائی۔ جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھائے، پتھر برسائے، آپ کو لہولہان کیا، اصحاب رضی اللہ عنہم پر ظلم کیا اور شہید کیا سب کو معاف فرمادیا۔

**سوال نمبر 44** | فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن لوگوں کو معاف نہیں فرمایا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب کو معافی دی لیکن چند لوگ جو بارگاہ نبوی میں انتہا درجہ کے گستاخ تھے ان کے بارے میں حکم دیا کہ جہاں کہیں ملیں قتل کردیئے جائیں ان کی تعداد تقریباً پندرہ تھی۔ جن میں عبداللہ بن خطل اور حارث بن طلاطل سرفہرست تھے۔

**سوال نمبر 45** | فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن لوگوں کو قتل کروایا کیا وہ اپنی ذات کیلئے تھا؟

**جواب:** فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن لوگوں کو قتل کروایا وہ گستاخ رسول تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو قتل کرنے کا حکم تھا۔

**سوال نمبر 46** | حج کب فرض ہوا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن کو امیر حج مقرر فرمایا؟

**جواب:** 9ہجری کو حج فرض ہوا اور اسی سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج مقرر کر کے مکہ مکرمہ روانہ فرمایا۔

**سوال نمبر 47** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کب فریضہ حج ادا فرمایا؟

**جواب:** 10ہجری کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے تقریباً سوا لاکھ جانثار صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ فریضہ حج ادا فرمایا۔

**سوال نمبر 48** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الوفات میں کیا کیا وصیتیں فرمائیں مختصراً ذکر کریں؟

**جواب:** مرض الوفات میں آپ کو اسود عنسی، مسیلمہ کذاب اور طلیحہ اسدی مدعیان نبوت اور لوگوں کے مرتد ہونے کی خبر معلوم ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرتدین سے جہاد کی وصیت اور تاکید فرمائی۔ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے حسن سلوک،

تقویٰ اور عمل صالح پر قائم رہنے کی وصیتیں فرمائیں۔

**سوال نمبر 49** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الوفات میں کن کو نماز پڑھانے کا حکم فرمایا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الوفات میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا۔ اور آپ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں تقریباً 19 نمازوں کی امامت فرمائی۔

**سوال نمبر 50** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کب دنیا سے پردہ فرمایا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 10 ہجری بروز پیر 12 ربیع الاوّل کو دنیا سے پردہ فرما گئے۔

**سوال نمبر 51** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی اور کتنا عرصہ نبوت کی دعوت دی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک 63 سال تھی اور 23 سال 2 ماہ 14 دن نبوت کی دعوت دی۔

**سوال نمبر 52** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہاں دفن کیا گیا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارک میں دفن کیا گیا۔

**سوال نمبر 53** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گیارہ ازواج مطہرات تھیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

1 | حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا
2 | حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا
3 | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
4 | حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا
5 | حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا
6 | حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا
7 | حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا
8 | حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا
9 | حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا
10 | حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا
11 | حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا

**سوال نمبر 54** | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کتنی تھی؟

**جواب:** نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں تھیں۔ صاحبزادوں کے نام درج ذیل ہیں۔

1 | قاسم رضی اللہ عنہ
2 | عبداللہ رضی اللہ عنہ

3 | ابراہیمؓ

صاحبزادیوں کے نام درج ذیل ہیں۔

1 | زینبؓ                2 | رقیہؓ

3 | اُم کلثومؓ                4 | فاطمۃ الزہرہؓ

**سوال نمبر55 | نبی کریم ﷺ کے دامادوں کے نام کیا ہیں؟**

**جواب:** 1 | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ                2 | حضرت علی رضی اللہ عنہ

3 | حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر56 | نبی کریم ﷺ کا حلیہ مبارک مختصر تحریر کریں۔**

**جواب:** نبی کریم ﷺ نہ زیادہ لمبے قد کے تھے اور نہ پست قد بلکہ میانہ قد تھے۔ داڑھی مبارک گھنی تھی۔ سر مبارک اور داڑھی میں چند بال سفید تھے۔ چہرہ مبارک نہایت خوبصورت اور نورانی تھا۔ آپ ﷺ کے پسینہ میں ایک خاص قسم کی خوشبو تھی۔ دونوں شانوں کے درمیان دائیں شانے کے قریب مہر نبوت تھی۔ سر کے بال اکثر مونڈھے تک اور کبھی فرحہ گوش تک لٹکے رہتے تھے۔ آنکھیں نہایت خوش نما اور کشادہ تھیں خوب سیاہ اور سرخی مائل تھیں۔ سینہ سے لے کر ناف تک ایک نہایت خوبصورت باریک خط تھا۔

**سوال نمبر57 | نبی کریم ﷺ کا لباس مبارک کیسا تھا؟**

**جواب:** نبی کریم ﷺ کا لباس نہایت سادہ اور معمولی ہوتا تھا۔ عام لباس آپ کا تہبند، چادر، کرتہ، جبہ اور کمبل تھا جس میں پیوند لگا ہوتا تھا۔ ٹوپی اور عمامہ مبارک بھی پہنا کرتے تھے۔

**سوال نمبر58 | معجزہ کسے کہتے ہیں؟**

**جواب:** معجزہ اس امر کو کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے ہاتھ پر ظاہر کراتا ہے اور تمام عالم اس کے مثل لانے سے عاجز ہوتا ہے یہاں تک کہ منکرین اور مخالفین پر یہ بات واضح ہو جائے کہ یہ شخص برگزیدہ خدا اور نبی ہے۔

**سوال نمبر59 | اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو کتنے معجزات عطا فرمائے۔**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کو بے شمار معجزات عطا فرمائے۔

**سوال نمبر 60 |** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کون سا ہے؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے جو تمام انبیاء کے معجزات سے بڑا ہے۔

**سوال نمبر 61 |** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد خلیفہ کن کو مقرر کیا گیا؟

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اتفاق رائے سے مسلمانوں کا خلیفہ مقرر کیا گیا۔

**سوال نمبر 62 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری ہونے کا مطلب کیا ہے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی کو نبوت عطا نہیں کی جائے گی یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔

موضوع

# 02 سیرت النبی ﷺ کوئز

## کثیر الانتخابی سوالات

۞ **سوال نمبر01** | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون سے مہینے میں پیدا ہوئے؟

☑ ربیع الاوّل ■ رجب ■ رمضان ■ شوال

۞ **سوال نمبر02** | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس شہر میں پیدا ہوئے؟

■ طائف ■ یمن

■ مدینہ طیبہ ☑ مکہ مکرمہ

۞ **سوال نمبر03** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

■ ابوطالب ■ عبدالمطلب

☑ عبداللہ ■ ورقہ

۞ **سوال نمبر04** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

☑ آمنہ ■ آسیہ ■ حلیمہ سعدیہ ■ ثویبہ

۞ **سوال نمبر05** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کے وقت کس ملک کا آتش کدہ بجھ گیا؟

■ روم ☑ فارس

■ یمن ■ عراق

✪ **سوال نمبر06** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی "محمد" کس نے رکھا؟

☑ دادا ■ والدہ ■ چچا ■ والد

✪ **سوال نمبر07** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی "احمد" کس نے رکھا؟

■ دادا ☑ والدہ ■ چچا ■ والد

✪ **سوال نمبر08** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنی عورتوں کا دودھ پیا؟

☑ تقریباً3 ■ تقریباً ■2 تقریباً4 ■ 1

✪ **سوال نمبر09** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدت رضاعت کس قبیلے میں گزاری؟

■ قبیلہ قریش ☑ قبیلہ بنوسعد

■ قبیلہ بنوامیہ ■ قبیلہ بنوعباس

✪ **سوال نمبر10** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شق صدر کا واقعہ کتنی مرتبہ پیش آیا؟

■ تقریباً2 مرتبہ ☑ تقریباً3 مرتبہ

■ تقریباً4 مرتبہ ■ تقریباً5 مرتبہ

✪ **سوال نمبر11** | حضرت آمنہ کی وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

■ 5 سال ☑ 6 سال

■ 7 سال ■ 8 سال

✪ **سوال نمبر12** | حضرت عبدالمطلب کی وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

■ 6 سال ☑ 8 سال

■ 10 سال ■ 12 سال

✪ **سوال نمبر13** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہلے سفر شام میں کتنی عمر تھی؟

☑ 12 سال ■ 15 سال

■ 25 سال ■ 19 سال

۞ **سوال نمبر 14** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت سے قبل کون سا مشغلہ اختیار کیا؟

■ تجارت
■ بکریاں چرانے کا
■ اونٹ چرانے کا
☑ **1 اور 2**

۞ **سوال نمبر 15** | تعمیر بیت اللہ کے وقت حجر اسود کو اپنے مقام پر رکھنے کی سعادت کس نے حاصل کی؟

■ خواجہ ابو طالب
☑ **نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**
■ ورقہ بن نوفل رض
■ حضرت عباس رض

۞ **سوال نمبر 16** | نبوت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

■ 25 سال
■ 30 سال
■ 35 سال
☑ **40 سال**

۞ **سوال نمبر 17** | آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی کس مقام پر نازل ہوئی؟

■ غار ثور
■ جبل رحمت
☑ **غار حرا**
■ طائف

۞ **سوال نمبر 18** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کس سورت کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں؟

■ سورۃ البقرہ
■ سورۃ الرحمن
☑ **سورۃ العلق**
■ سورۃ یٰسین

۞ **سوال نمبر 19** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مردوں میں سب سے پہلے ایمان کون لایا؟

■ حضرت عباس رض
☑ **حضرت ابوبکر صدیق رض**
■ حضرت عمر فاروق رض
■ حضرت حمزہ رض

۞ **سوال نمبر 20** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عورتوں میں سب سے پہلے ایمان کون لائیں؟

■ حضرت فاطمہ رض
☑ **حضرت خدیجہ رض**
■ حضرت حلیمہ رض
■ حضرت اُم ایمن رض

**سوال نمبر21** | آپ ﷺ پر بچوں میں سب سے پہلے ایمان کون لایا؟

☑ حضرت علیؓ
■ حضرت انسؓ
■ حضرت اُسامہؓ
■ حضرت عبداللہ بن عباسؓ

**سوال نمبر22** | آپ ﷺ پر غلاموں میں سب سے پہلے ایمان کون لایا؟

■ حضرت بلالؓ
☑ حضرت زید بن حارثہؓ
■ حضرت خباب بن الارتؓ
■ حضرت وحشیؓ

**سوال نمبر23** | شق القمر کیا تھا؟

■ افسانہ
■ جادو
☑ معجزہ
■ قصہ

**سوال نمبر24** | آپ ﷺ معراج پر کب تشریف لے گئے؟

☑ 9 نبوی
■ 10 نبوی
■ 11 نبوی
■ 3 نبوی

**سوال نمبر25** | آپ ﷺ نے معراج کے موقع پر کس مقام پر تمام انبیاء کی امامت فرمائی؟

☑ بیت المقدس
■ مکہ میں
■ پہلے آسمان پر
■ آخری آسمان پر

**سوال نمبر26** | نبی اکرم ﷺ سفر معراج سے امت کے لیے کیا تحفہ لے کر آئے؟

■ دولت
☑ نماز
■ حج
■ سونا چاندی

**سوال نمبر27** | نبی اکرم ﷺ نے کس شہر کی طرف ہجرت فرمائی؟

■ حبشہ
■ طائف
■ یمن
☑ مدینہ طیبہ

**سوال نمبر 28** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس سال مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی؟

- ■ نبوت کے آٹھویں سال
- ■ نبوت کے دسویں سال
- ■ نبوت کے بارھویں سال
- ☑ **نبوت کے تیرھویں سال**

**سوال نمبر 29** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت میں اپنا رفیق کسے بنایا؟

- ■ حضرت بلال رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت علی رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 30** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کرتے وقت امانتیں واپس کرنے کی ذمہ داری کس کے سپرد فرمائی؟

- ■ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت بلال رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت علی رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عباس رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 31** | ہجرت مدینہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس غار میں قیام فرمایا؟

- ■ غار حرا میں
- ☑ **غار ثور میں**
- ■ جبل الرحمت
- ■ اُحد میں

**سوال نمبر 32** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ کتنے دن غار ثور میں قیام فرمایا؟

- ■ 2 دن
- ☑ **3 دن**
- ■ 4 دن
- ■ 5 دن

**سوال نمبر 33** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس مسجد کی بنیاد سب سے پہلے رکھی؟

- ■ مسجد نبوی
- ☑ **مسجد قبا**
- ■ مسجد عائشہ
- ■ مسجد قبلتین

**سوال نمبر 34** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں کن کے ہاں قیام فرمایا؟

- ■ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ**

**سوال نمبر 35** | ہجرت مدینہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کیا کام فرمایا؟

- ■ یہودیوں سے جہاد کیا
- ☑ **مسجد نبوی کی تعمیر کی**
- ■ مشرکین سے جہاد
- ■ یہودیوں سے معاہدہ

**سوال نمبر 36** | جہاد کسے کہتے ہیں؟

- ☑ **اللہ کی راہ میں لڑنا**
- ■ مال کے لیے لڑنا
- ■ عزت کے لیے لڑنا
- ■ مذکورہ بالا تینوں

**سوال نمبر 37** | جہاد کب فرض ہوا؟

- ■ 10 نبوی
- ■ 12 نبوی
- ■ 1 ہجری
- ☑ **2 ہجری**

**سوال نمبر 38** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس جنگ میں خود شرکت فرماتے اسے کیا کہتے ہیں؟

- ☑ **غزوہ**
- ■ سریا
- ■ قتال
- ■ لڑائی

**سوال نمبر 39** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس جنگ میں خود شرکت نہ فرمائی بلکہ صحابہ کو روانہ کیا اسے کیا کہتے ہیں؟

- ■ غزوہ
- ☑ **سریہ**
- ■ قتال
- ■ لڑائی

**سوال نمبر 40** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے غزوات میں خود شریک ہوئے؟

- ■ 5
- ■ 20
- ■ 23
- ☑ **27**

**سوال نمبر 41** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں کتنے غزوات و سرایا ہوئے؟

- ■ 50
- ■ 67
- ■ 76
- ☑ **87**

**سوال نمبر 42** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس غزوہ میں شدید زخم آئے؟

- ■ غزوہ بدر
- ■ غزوہ خندق
- ☑ **غزوہ اُحد**
- ■ غزوہ تبوک

۞ **سوال نمبر 43** | حج کب فرض ہوا؟

■ 7 ہجری ■ 8 ہجری ■ 9 ہجری ☑ 10 ہجری

۞ **سوال نمبر 44** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلا امیر حج کسے مقرر فرمایا؟

☑ حضرت ابوبکر صدیقؓ ■ حضرت عمر فاروقؓ

■ حضرت عثمانؓ ■ حضرت علیؓ

۞ **سوال نمبر 45** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے حج ادا کیے؟

■ 4 ■ 3 ■ 2 ☑ 1

۞ **سوال نمبر 46** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الوفات میں کن کو مسلمانوں کا امام مقرر فرمایا؟

☑ حضرت ابوبکر صدیقؓ ■ حضرت عمر فاروقؓ

■ حضرت عثمانؓ ■ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ

۞ **سوال نمبر 47** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس مہینے میں دنیا سے پردہ فرمایا؟

■ محرم ■ صفر ☑ ربیع الاول ■ رمضان

۞ **سوال نمبر 48** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنا عرصہ اسلام کی دعوت دی؟

■ 23 سال ☑ 23 سال 2 ماہ 14 دن

■ 25 سال 2 ماہ 14 دن ■ 23 سال 2 ماہ 16 دن

۞ **سوال نمبر 49** | مسلمانوں کے پہلے خلیفہ کون مقرر ہوئے؟

☑ حضرت ابوبکر صدیقؓ ■ حضرت عمر فاروقؓ

■ حضرت عثمانؓ ■ حضرت علیؓ

۞ **سوال نمبر 50** | فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس گستاخ کو بیت اللہ کے غلاف میں ہی قتل کرنے کا حکم دیا؟

■ ابورافع یہودی ■ مسیلمہ کذاب ☑ عبداللہ بن خطل ■ کعب بن اشرف

۞ **سوال نمبر 51** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں مدفون ہیں؟

- ■ جنت البقیع
- ☑ **حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں**
- ■ حضرت فاطمہؓ کے حجرہ میں
- ■ حضرت حفصہؓ کے حجرہ میں

۞ **سوال نمبر 52** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

- ☑ گیارہ
- ■ تیرہ
- ■ نو
- ■ پانچ

۞ **سوال نمبر 53** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی بیٹیاں تھیں۔

- ■ ایک
- ■ دو
- ■ تین
- ☑ چار

۞ **سوال نمبر 54** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے بیٹے تھے؟

- ■ ایک
- ■ دو
- ☑ **تین**
- ■ چار

۞ **سوال نمبر 55** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے داماد تھے؟

- ■ ایک
- ■ دو
- ☑ تین
- ■ چار

۞ **سوال نمبر 56** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کتنے معجزات ملے تھے؟

- ■ ایک ہزار
- ■ تین ہزار
- ■ پانچ ہزار
- ☑ **بے شمار**

۞ **سوال نمبر 57** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کون سا تھا؟

- ■ شق القمر
- ☑ **قرآن پاک**
- ■ ہاتھوں میں کنکریوں کا بولنا
- ■ معراج کا سفر

۞ **سوال نمبر 58** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے نواسے تھے؟

■ 2 ■ 3

☑ 4 ■ 5

۞ **سوال نمبر 59** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی نواسیاں تھیں؟

■ 2 ☑ 3

■ 4 ■ 5

۞ **سوال نمبر 60** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الوفات کے وقت جھوٹے مدعی نبوت کے بارے میں کیا وصیت فرمائی؟

■ معاف کر دیا جائے ■ نرمی والا معاملہ کیا جائے

☑ قتل کر دیا جائے ■ کچھ نہیں

# حوالہ جات

موضوع 1

**بنیادی عقائد**

۞ عقائد الاسلام | حضرت مولانا ادریس احمد کاندھلویؒ

موضوع 2

**سیرت النبی ﷺ**

۞ سیرت کورس | مفتی مصطفی عزیز صاحب

## Lesson Plan for Grade 5 (4th Edition)

**Distribution for 1st Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week** = 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 01-09 | 1st Month |
| 2 | 1 | 10-18 | 1st Month |
| 3 | 1 | 19-27 | 1st Month |
| 4 | 1 | 28-36 | 1st Month |
| 5 | 1 | 37-46 | 2nd Month |
| 6 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 2 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 2 | Quiz | 3rd Month |

**Distribution for 2nd Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week** = 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 01-12 | 1st Month |
| 2 | 3 | 13-24 | 1st Month |
| 3 | 3 | 25-36 | 1st Month |
| 4 | 3 | 37-48 | 1st Month |
| 5 | 3 | 49-62 | 2nd Month |
| 6 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 4 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 4 | Quiz | 3rd Month |